روزنامہ

Daily بانی: غلام احمد خان آرزو (مرحوم)

HINDUSTAN

AURANGABAD

ہندستان

ایڈیشن اورنگ آباد

THE LARGEST CIRCULATING URDU DAILY PUBLISHING FROM AURANGABAD, MUMBAI & MALEGAON

1-16-28, Noor House, Juna Bazar-Barudgar Nala Road, Aurangabad 431001. Tel 2341086

آزاد علی شاہ ایجوکیشن ادارہ کے تحت

بچہ مزدور لڑکوں میں یونیفارم، کتابیں اور تعلیمی اشیاء کی تقسیم

اورنگ آباد (سٹی رپورٹر) آزاد علی شاہ تعلیمی سوسائٹی کی جانب سے جاری قومی بچہ مزدور پلاننگ اسکول نمبر ۲ واقع پڑیگاؤں میں بچہ مزدور طلبہ میں یونیفارم، کتابیں اور تعلیمی اشیاء کی تقسیم ادارہ کی صدر خان ثریا اور مدیحہ فاطمہ کے ہاتھوں کی گئی۔ اس موقع پر ادارہ کی صدر خان ثریا نے طلبہ کی رہنمائی بھی کی۔ نیز طلبہ اور سرپرستوں کو بچہ مزدوری سے ہونے والے متعدد دوررس اثرات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ اپنے ادارہ سے جو بھی مدد کی ضرورت ہوگی، طلبہ کیلئے فراہم کی جائے گی۔ مدیحہ فاطمہ نے اپنی تقریر میں کہا کہ طلبہ کی غیر جانبدارانہ مدد کی جائے گی اور اس میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔ پروگرام کو کامیاب کرنے کیلئے اسکول کے اساتذہ، سید امجد، شیخ تمنا خاں، خان سائمہ، شمشاد پاٹل نے انتھک جدوجہد کی۔ پروگرام کے اختتام پر طلبہ میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔